| | | | |
|---|---|---|---|
| حوالہ نمبر: 17025/44 | فتوی نمبر: 77973/62 | سائل: عبدالقادر | مجیب: محمد نعمان خالد |
| مفتی: مفتی محمد صاحب | مفتی: سید عابد شاہ | مفتی: سعید احمد حسن | مفتی: |
| کتاب: جائزاور ناجائزامور سے متعلق مسائل | باب: جائزاور ناجائزامور سے متعلق متفرق مسائل | | تاریخ: 4.10.2022 |

# ٹرانس جینڈر (Transgender) سے متعلق پاکستانی قانون کا شرعی جائزہ

2018ء میں پاکستان میں خنثیٰ (Intersexe) کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایک قانون پاس ہوا، جس میں اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ کوئی ٹرانس جینڈر اپنے آپ کو مرد یا عورت ظاہر کر سکتا ہے اور نادرا کو بھی اس کی مرضی کے مطابق اس کی جنس لکھنے کا پابند بنایا گیا ہے، سوال یہ ہے کہ کیا یہ قانون شریعت کے اصولوں کے مطابق ہے؟ قانون کی کاپی ساتھ منسلک ہے۔

## الجواب باسم ملہم الصواب

سوال کے ساتھ منسلک ٹرانس جینڈر پرسنز پروٹیکشن آف رائٹس ایکٹ 2018ء کے نام سے بنائے گئے قانون کا جائزہ لیا گیا تو اس میں مختصراً درج ذیل امور معلوم ہوئے:

- اس ایکٹ کا مقصد خنثیٰ کے حقوق کا تحفظ ہے مگر قانون کے نام میں عنوان" ٹرانس جینڈر شخص کے حقوق کا تحفظ" دیا گیا ہے۔
- قانون کی دفعہ نمبر 2اِی (e) میں جنس کے اظہار(Gender Expression) اور دفعہ نمبر 2ایف میں جنسی شناخت(Jender Identity) کی تعریف ذکر کی گئی ہے۔
- قانون کی دفعہ نمبر 2این میں ٹرانس جینڈر کی تعریف اور اس کا مصداق ذکر کیا گیا ہے، جس میں پیدائشی خنثیٰ کے علاوہ حادثاتی طور پر نامرد ہونے والے شخص کے ساتھ ہر ایسے مرد وعورت کو بھی داخل کیا گیا ہے جس کی ذاتی جنسی شناخت یا جنس کا اظہار اس کی پیدائشی جنس سے مختلف ہو۔
- قانون کی دفعہ نمبر 3 کی ذیلی شق نمبر 1 کے تحت ٹرانس جینڈر کو اپنے ذاتی ادراک کے مطابق کسی بھی جنس میں اپنی شناخت کروانے کا حق دیا گیا ہے۔
- قانون کی دفعہ نمبر 3 کی ذیلی شق نمبر 2 کے تحت نادرا اور دیگر تمام حکومتی اداروں کو اس بات کا پابند بنایا گیا کہ وہ ٹرانس جینڈر کی مرضی کے مطابق اس کی جنس رجسٹر کریں۔
- دفعہ نمبر 7 تا 16 میں ٹرانس جینڈر کے حقوق بیان کیے گئے ہیں، جیسے تعلیم اور ووٹ وغیرہ۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

❖ دفعہ نمبر 17 میں ٹرانس جینڈر کے بھیک مانگنے پر پابندی اور اس کی سزا بیان کی گئی ہے۔

اس اجمال کے بعد اب قانون کے ان پہلوؤں کا جائزہ لیا جاتا ہے جو تعبیری، قانونی اور شرعی اعتبار سے درست نہیں ہیں، شرعی نقطہ نظر سے اس قانون میں کئی اعتبار سے چار بنیادی مفاسد، غلطیاں اور خرابیاں ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

**شرعی فساد نمبر 1: قانون کا نام رکھنے میں غلطی:**

اس ایکٹ کا نام "Transgender Persons (Protection of Rights)" رکھا گیا ہے، اس میں انگریزی لفظ ٹرانس جینڈر استعمال کیا گیا ہے، لہذا اس قانون کو سمجھنے کے لیے ٹرانس جینڈر کا معنی اور مفہوم سمجھنا ضروری ہے، ٹرانس جینڈر ایک جدید مبہم اصطلاح ہے، لغوی معنی کے اعتبار سے یہ انگریزی کے دو الفاظ "trans" اور "gender" کا مرکب ہے، "trans" کا لفظ "Transmation" کا مخفّف ہے، جس کا معنی تبدیلی ہے (آکسفورڈ ڈکشنری: صفحہ: 1867) اور "gender" صنف یا جنس کو کہتے ہیں۔ نیز مذکر و مؤنث دونوں اصناف کے لیے بھی جینڈر "gender" استعمال ہوتا ہے۔ اس طرح ان دو الفاظ سے مرکب ٹرانس جینڈر "Transgender" کے لفظی معنی عربی میں متحول الجنس اور اردو میں جنس تبدیل کرنے والے کے ہیں، یعنی لڑکا سے لڑکی یا لڑکی سے لڑکا بننے والا۔

اصطلاحی طور پر ٹرانس جینڈر ایک ایسا شخص کہلاتا ہے جو اپنی اس جنس سے اختلاف کرے جو اس کی پیدائش کے وقت شناخت کی گئی تھی۔ چنانچہ انگلش ڈکشنری میں ٹرانس جینڈر کی تعریف درج ذیل الفاظ میں ذکر کی گئی ہے:

> Definition of transgender:
> a person whose gender identity differs from the sex the person had or was identified as having at birthespecially of relating to, or being a person whose gender identity is opposite the sex the person had or was identified as having at birth.[1]

اقوامِ متحدہ کی ویب سائٹ پر ٹرانس جینڈر کی تعریف درج ذیل الفاظ میں ذکر کی گئی ہے، دیکھیے عبارت:

---

[1] https://www.merriam-webster.com/dictionary/transgender.



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan

Gender identity refers to a person's experience of their own gender. Transgender people have a gender identity that is different from the sex that they were assigned at birth. A transgender or trans person may identify as a man, woman, transman, transwoman, as a non-binary person, and with other terms such as hijra, third gender, two-spirit, travesti, fa'afafine, genderqueer, transpinoy, muxe, waria and meti. Gender identity is different from sexual orientation Trans people may have any sexual orientation, including heterosexual, homosexual, bisexual and asexual.[1]

ٹرانس جینڈر کی ان تعریفات کی روشنی میں دو باتیں بالکل واضح ہیں:

اول: یہ کہ ٹرانس جینڈر ہونے یا نہ ہونے کا تعلق جنس/صنف کے بارے میں کسی شخص کے ذاتی احساس اور ذہنی رجحان سے ہے، کیونکہ ٹرانس جینڈر شخص اپنے ذاتی احساسات اور ذہنی رجحانات کی بنیاد پر اپنی پیدائشی جنس کو قبول نہیں کرتا، بلکہ وہ اپنی جنس کو اپنی پیدائشی جنس کے مخالف قرار دیتا ہے، اس کا جنسی خواہش ہونے یا نہ ہونے سے تعلق نہیں ہے، چنانچہ درج بالا عبارت میں یہ بھی مذکور ہے کہ ایک ٹرانس جینڈر ہم جنس پرست، مخالف جنس پرست، دونوں جنسوں کی طرف رجحان رکھنے والا اور کسی کی طرف بھی جنسی رجحان نہ رکھنے والا ہو سکتا ہے۔

دوم: یہ کہ ٹرانس جینڈر ہونے کا تعلق جنسی اعضاء میں خلل ہونے سے بھی نہیں، چنانچہ عموماً ٹرانس جینڈر شخص کے جنسی اعضاء میں کسی قسم کا خلل یا نقص نہیں ہوتا، بلکہ جسمانی ساخت کے لحاظ سے وہ ایک کامل مرد یا عورت ہوتی ہے اور اس میں نفسانی اور جنسی خواہش بھی موجود ہوتی ہے۔[2]

[1] UNFE.org.

[2] واضح رہے کہ اسلام آباد کے سائیکالوجسٹ ڈاکٹر عنصر جاوید صاحب نے بتایا کہ بعض اوقات آدمی بغیر کسی نفسانی خواہش اور غلط نظریے کے حقیقتاً وہ اپنے آپ کو دوسری جنس سمجھنے لگتا ہے، یہ ایک نفسیاتی بیماری ہے، جس کو میڈیکل میں جینڈر ڈسفوریا (Gender Dysphoria) کہتے ہیں، اس بیماری میں مبتلا شخص کو بھی ٹرانس جینڈر کہا جاتا ہے، اس بیماری کا نفسیاتی علاج کیا جاتا ہے، جس سے مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

ٹرانس جینڈر کے حوالے سے یہ دونوں باتیں خنثی سے مختلف ہیں، جو اس بات کی دلیل ہے کہ ٹرانس جینڈر خنثی کا ہم معنی لفظ نہیں، بلکہ لغوی اور اصطلاحی اعتبار سے دونوں میں فرق ہے، چنانچہ ذیل میں خنثی کی تعریف ملاحظہ فرمائیں:

**خنثی (Intersex) کی تعریف:**

خنثی عربی زبان کا لفظ ہے، یہ وہ شخص ہے جس کے جنسی اعضاء میں پیدائش کے وقت سے ہی کچھ خلل اور نقص ہو، چنانچہ اقوامِ متحدہ کی ویب سائٹ پر خنثی کی تعریف درج ذیل الفاظ میں ذکر کی گئی ہے:

INTERSEX / SEX CHARACTERISTICS:
Intersex people are born with physical or biological sex characteristics, such as sexual anatomy, reproductive organs, hormonal patterns and/or chromosomal patterns, which do not fit the typical definitions of male or female. These characteristics may be apparent at birth or emerge later in life, often at puberty. Intersex people can have any sexual orientation and gender identity.[1]

مشہور انگلش ڈکشنری میریم ویبسٹر میں بھی خنثی کی یہی تعریف مذکور ہے، دیکھیے عبارت:

Definition of intersex/hermaphrodite:
The condition (such as that occurring in congenital adrenal hyperplasia or androgen insensitivity syndrome) of either having both male and female gonadal tissue in one individual or of having the gonads of one sex and external genitalia that is of the other sex or is ambiguous.[2]

---

[1] https://www.unfe.org/definitions/

[2] https://www.merriam-webster.com/dictionary/intersexuality



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan

مذکورہ بالا دونوں عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ جس فرد میں نر اور مادہ دونوں کے تناسلی اعضاء (Gonadal Tissue) ہوں یا ایک جنس کے Gonadal Tissue ہوں اور دوسرے کے External Tissues ہوں یا دوسری جنس کے Tissues مبہم ہوں، وہ خنثیٰ کہلائے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ خنثیٰ (Intersex/Hermaphrodite) ہونا ایک حقیقی طبعی وجسمانی حالت ہے، جس میں اس کے پیدائشی جنسی تولیدی اعضاء میں خلل اور نقص ہوتا ہے، جس کی وجہ سے اس کی جنس واضح نہیں ہوتی۔

شرعی اعتبار سے بھی خنثیٰ صرف اسی انسان کو کہا جاتا ہے جس کے مردانہ اور زنانہ دونوں قسم کے جنسی اعضاء موجود ہوں یا یہ دونوں اعضاء موجود نہ ہوں، چنانچہ علامہ حصکفی رحمہ اللہ نے خنثیٰ کی درج ذیل الفاظ میں تعریف کی ہے:

**الدر المختار مع حاشية ابن عابدين (727/6) دار الفكر-بيروت:**

وهو ذو فرج وذكر أو من عرى عن الاثنين جميعا، فإن بال من الذكر فغلام، وإن بال من الفرج فأنثى وإن بال منهما فالحكم للأسبق، وإن استويا فمشكل، ولا تعتبر الكثرة.

یہ تعریف چاروں مذاہب (حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ) کے فقہائے کرام رحمہم اللہ نے اپنی اپنی کتبِ فقہ میں ذکر فرمائی ہے۔ گویا کہ شریعت اور طب کا اس پر اتفاق ہے کہ خنثیٰ صرف وہ انسان ہوتا ہے جس کے جنسی اعضاء میں پیدائش کے وقت سے ہی نقص ہو، ذیل میں احناف کے علاوہ مذاہبِ ثلاثہ کی عبارات بھی ملاحظہ فرمائیں:

**الفروع وتصحيح الفروع (52/8) محمد بن مفلح بن محمد بن مفرج الحنبلي (المتوفى: 763هـ) مؤسسة الرسالة:**

باب ميراث الخنثى: وهو من له شكل ذكر رجل وفرج امرأة، فإن بال أو سبق بوله من ذكره فهو ذكر، نص عليه، وعكسه أنثى، وإن خرج منهما معا اعتبر أكثرهما، فإن استويا فمشكل.

**الحاوي الكبير (168/8) دار الكتب العلمية، بيروت:**

قال الشافعي: الخنثى هو الذي له ذكر كالرجال وفرج كالنساء أو لا يكون له ذكر ولا فرج ويكون له ثقب يبول منه، وهو وإن كان مشكل الحال فليس يخلو أن يكون ذكرا أو أنثى، وإذا كان كذلك، نظر، فإن كان يبول من أحد فرجيه فالحكم له، وإن كان بوله من ذكره فهو ذكر يجري عليه حكم الذكور في الميراث وغيره ويكون الفرج عضوا زائدا وإن كان بوله من



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

فرجه فهو أنثى يجري عليه أحكام الإناث في الميراث وغيره ويكون الذكر عضوا زائدا لرواية الكلبي عن أبي صالح عن ابن عباس عن النبي - صلى الله عليه وسلم - أنه سئل عن مولود ولد له ما للرجال وما للنساء فقال - صلى الله عليه وسلم - يورث من حيث يبول.

**المعونة على مذهب عالم المدينة (ص: 1657) أبو محمد عبد الوهاب بن علي بن نصر الثعلبي البغدادي المالكي (المتوفى: 422هـ) المكتبة التجارية، مكة المكرمة:**

الخنثى يعتبر منها بالمبال، فإن بال من الذكر حكم له بحكم الذكر، وإن بال من الفرج حكم بحكم الأنثى، وإن بال منهما جميعا فهو الخنثى المشكل فيكون له نصف ميراث الذكر ونصف ميراث الأنثى متفق عليه.

**ٹرانس جینڈر اور خنثیٰ میں فرق کا خلاصہ:**

ٹرانس جینڈر اور خنثی کی تعریفات سے یہ بات بالکل واضح اور عیاں ہو جاتی ہے کہ ٹرانس جینڈر اور خنثی/خواجہ سرا ایک دوسرے کے ہم معنی لفظ نہیں، بلکہ ان میں سے ہر ایک مستقل اصطلاح ہے اور اصطلاحی اعتبار سے ہر ایک کا معنی اور مصداق بھی جدا جدا ہے، ٹرانس جینڈر کا مصداق وہ شخص ہے جو اپنے ذاتی احساسات یا نفسیاتی عارضے یا نفسانی خواہش کی بنیاد پر اپنی پیدائشی جنس کا انکار کرے، خواہ وہ جسمانی ساخت کے لحاظ سے مکمل مرد یا مکمل عورت ہو۔ جبکہ خنثی شرعی وطبّی لحاظ سے صرف اسی شخص کو کہتے ہیں جس کی جسمانی ساخت (جنسی اعضاء وغیرہ) میں پیدائشی خلل ہو اور اس کی وجہ سے اس کی جنس واضح نہ ہو۔

**ٹرانس جینڈر کا عنوان درست نہ ہونے کی وجوہات:**

جب پیچھے ذکر کی گئی تفصیل سے ٹرانس جینڈر اور خنثی کے معنی ومفہوم اور مصداق میں فرق واضح ہوا تو اس سے مذکورہ قانون میں درج ذیل خرابیاں معلوم ہوئیں:

**الف:** خنثی کو ٹرانس جینڈر کے لفظ سے تعبیر کرنا لغتاً وشرعاً غلط ہے، کیونکہ انگریزی میں خنثی کے لیے ٹرانس جینڈر کی بجائے انٹر سیکس (Intersex) کا لفظ استعمال ہوتا ہے، ٹرانس جینڈر کا خنثی کے لیے استعمال کسی لغت میں نہیں ملتا۔ اس کی باقی تفصیل پیچھے گزر چکی ہے۔

**ب:** ٹرانس جینڈر غیر فطری اور غیر شرعی نظریہ جنسی شناخت (Gender Identity) پر مبنی اصطلاح ہے، اس کو قانون میں ذکر کرنا اس غیر اسلامی نظریے کو قبول کرنے اور فروغ دینے کے مترادف ہے، چنانچہ قانون کی دفعہ نمبر 2 ای (e) میں جنس کے اظہار (Gender Expression) اور دفعہ



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

نمبر2 الیف (f) جنسی شناخت (Gender Identity) کی تعریفات سے بھی اس نظریے کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے، اس نظریے کی مزید تفصیل آگے آرہی ہے۔

ج: اس قانون کا مقصد خنثی کے حقوق کا تحفظ ہے، جبکہ ٹرانس جینڈر کا عنوان اختیار کر کے ایسے لوگوں کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جو طبّی و شرعی اعتبار سے خنثی میں داخل نہیں، لہذا یہ تاثر قطعی طور پر غلط ہے کہ یہ ایکٹ خنثی کے حقوق کے تحفظ کے لیے بنایا گیا ہے۔[1]

**شرعی فساد نمبر2: ٹرانس جینڈر کا مصداق ٹھہرانے میں غلطی:**

قانون کی دفعہ نمبر2 این (n) کے تحت قانون کی نظر میں "Transgender" کا مصداق بیان کیا گیا ہے اور اس میں درج ذیل تین قسم کے افراد کو شامل کیا گیا:

**الف:** جو پیدائشی طور پر خنثی ہو، یعنی اس میں مرد اور عورت دونوں کی علامات موجود ہوں یا اس کے جنسی اعضاء میں ابہام ہو۔

**ب:** جو پیدائشی طور پر کامل مرد ہو، مگر بعد میں کسی حادثہ (Accident) کی وجہ سے اس کی مردانہ صلاحیت ختم ہو جائے یا وہ خصی ہو جائے۔

**ج:** ٹرانس جینڈر مرد و عورت، خواجہ سرا اور کوئی بھی ایسا شخص جو اپنی صنفی شناخت اپنی پیدائش کے وقت بتائی گئی جنس سے مختلف محسوس کرے۔

جبکہ اگر اس قانون کا مقصد خنثی کے حقوق کا تحفظ ہے اور اس جگہ بیانِ مصداق سے مقصود بھی خنثی کا مصداق متعین کرنا ہے تو یہاں خنثی کے مصداق میں "ب" اور "ج" میں ذکر کردہ افراد کو شامل کرنا شرعی اور طبّی ہر لحاظ سے غلط ہے، کیونکہ شرعاً وطباً خنثی ہونے کے لیے جسمانی ساخت میں نقص ہونا ضروری ہے، جیسا کہ مذاہبِ اربعہ، اقوامِ متحدہ اور انگلش ڈکشنری کے حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں، لہذا یہاں ٹرانس جینڈر کے مصداق میں تین افراد کو شامل کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس قانون کا مقصد معاشرے کے ہر فرد (خواہ وہ کامل مرد و عورت ہو یا حادثاتی طور پر وہ جنسی صلاحیت کھو دے) کو اپنی پیدائشی جنس کے خلاف تبدیلِ جنس اور

---

[1] واضح رہے کہ ٹرانس جینڈر اور خنثی سے متعلق یہاں تک ذکر کی گئی مکمل بحث کو کراچی کے ڈاکٹر فرحان صدیقی کنسلٹنٹ یورالوجسٹ اینڈ انٹرالوجسٹ (Consultant Urologist and Enterologist) اور بعض دیگر ڈاکٹروں سے مشاورت کے بعد فائنل کیا گیا ہے۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

تعیینِ جنس کی اجازت دینا ہے، جبکہ یہ بات واضح طور پر قرآن وسنت کی تصریحات کے خلاف ہے، چنانچہ اس کی مزید تفصیل آگے دفعہ نمبر 3 کے تحت آرہی ہے۔

**شرعی فساد نمبر 3: ٹرانس جینڈر کو اپنی شناخت ذاتی رجحان کے مطابق کروانے کا اختیار دینا (Self Perceived Gender Identity):**

قانون کی دفعہ نمبر 3 کی ذیلی شق نمبر 1 کے تحت ٹرانس جینڈر شخص کو اپنی جنس کی شناخت اپنی خواہش کے مطابق کسی بھی جنس سے کروانے کا حق دیا گیا ہے، قانون کی اس دفعہ میں اصل غلطی یہ ہے کہ یہ دفعہ جنس کی شناخت (Gender Identity) کے غیر شرعی اور غیر فطری نظریے پر مبنی ہے، جو اقوامِ متحدہ کے قانون کے تو مطابق ہے، مگر اسلامی قانون اور شریعت کے خلاف ہے، کیونکہ یہاں بھی ٹرانس جینڈر کا لفظ استعمال کر کے عام مرد وعورت دونوں کو شامل کیا گیا ہے، لہذا اس اطلاق کی رُو سے مذکورہ دفعہ سے درج ذیل دو غیر شرعی اور ناجائز چیزوں کی گنجائش نکلتی ہے:

**الف: حقیقی جنس کے خلاف جنسی شناخت کا حق دینا:**

ایک غیر شرعی گنجائش یہ نکلتی ہے کہ اس دفعہ کی رُو سے کوئی مرد اپنی شناخت عورت سے اور کوئی عورت اپنی شناخت مرد سے کرواسکے گا، جبکہ یہ بات قرآن وسنت کی تعلیمات کے مخالف ہے، کیونکہ شرعاً ہر فرد کی جنس کا تعین اللہ تعالیٰ کا طے شدہ فیصلہ ہے، چنانچہ مسلم شریف کی حدیثِ صحیح میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان منقول ہے کہ ماں کے پیٹ میں نطفہ پر جب بیالیس دن گزر جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو بھیجتے ہیں جو اس کی شکل وصورت، اعضاء، گوشت اور ہڈیاں بناتا ہے، پھر وہ فرشتہ اللہ تعالیٰ سے پوچھتا ہے کہ یارب! اس کو مذکر بنانا ہے یا مؤنث؟ تو اللہ تعالیٰ اپنی مشیت کے مطابق اس کے مذکر یا مؤنث ہونے کا فیصلہ فرماتے ہیں۔ حدیث کی سند اور متن ملاحظہ فرمائیں:

**صحيح مسلم (2037/4، رقم الحديث: 2645) باب كيفية خلق الادمى فى بطن أمه، دار إحياء التراث العربي، بيروت:**

حدثني أبو الطاهر أحمد بن عمرو بن سرح، أخبرنا ابن وهب، أخبرني عمرو بن الحارث، عن أبي الزبير المكي، أن عامر بن واثلة، حدثه أنه سمع عبد الله بن مسعود، يقول: الشقي من شقي في بطن أمه والسعيد من وعظ بغيره، فأتى رجلا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يقال له: حذيفة بن أسيد الغفاري، فحدثه بذلك من قول ابن مسعود فقال: وكيف يشقى رجل بغير عمل؟ فقال له الرجل: أتعجب من ذلك؟ فإني سمعت



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

رسول الله صلى الله عليه وسلم، يقول: "إذا مر بالنطفة ثنتان وأربعون ليلة، بعث الله إليها ملكا، فصورها وخلق سمعها وبصرها وجلدها ولحمها وعظامها، ثم قال: يا رب أذكر أم أنثى؟ فيقضي ربك ما شاء، ويكتب الملك، ثم يقول: يا رب أجله، فيقول ربك ما شاء، ويكتب الملك، ثم يقول: يا رب رزقه، فيقضي ربك ما شاء، ويكتب الملك، ثم يخرج الملك بالصحيفة في يده، فلا يزيد على ما أمر ولا ينقص".

مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی انسان کا مرد یا عورت ہونا خالص اللہ تعالیٰ کا تکوینی فیصلہ ہے، جس کی پہچان کا معیار انسانوں کے حق میں جسمانی ساخت کو بنایا گیا ہے، لہذا جس کے جسمانی اعضاء مردوں والے ہوں وہ شرعا مرد شمار ہوگا اور جس کے جسمانی اعضاء عورتوں والے ہوں وہ شرعا عورت شمار ہوگی، اس میں کسی انسان کی مرضی، منشاء اور ذاتی احساسات ورجحانات کا کوئی عمل دخل نہیں ہے

ایک اور حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے مردوں پر لعنت فرمائی جو عادات وغیرہ میں عورتوں کی طرح بننے کی کوشش کرتے ہیں اور ایسی عورتوں پر لعنت فرمائی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں، حدیث کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

**مسند أحمد ط الرسالة (28/4، رقم الحديث: 2123) مؤسسة الرسالة، بيروت:**

حدثني يزيد، أخبرنا هشام، عن يحيى، عن عكرمة، عن ابن عباس: "أن النبي صلى الله عليه وسلم لعن المخنثين من الرجال، والمترجلات من النساء"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ نے جس کو مرد بنایا ہے اس کے لیے دوسری جنس یعنی عورت کی مشابہت اختیار کرنا جائز نہیں، اسی طرح جس کو اللہ تعالیٰ نے عورت بنایا ہے اس کے لیے مرد کی مشابہت اختیار کرنا ناجائز ہے، جب دوسری جنس کی مشابہت سے منع کیا گیا ہے تو اپنی جنس کی شناخت دوسری جنس سے کروانا شرعی اعتبار سے بدرجہ اولیٰ ناجائز اور ممنوع ہے۔

**ب: اپنی جنس تبدیل کروانے کی اجازت دینا: (Transsexual)**

دوسری غیر شرعی گنجائش یہ کہ اس دفعہ کی رُو سے تبدیلِ جنس کا راستہ نکلتا ہے، کیونکہ جب ہر شخص کو اپنی خواہش کے مطابق تمام دستاویزات میں اپنی جنس کے انتخاب اور اندراج کا قانونی حق حاصل ہوگا تو اس کے ضمن میں اس کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ اپنے قانونی کاغذات اور دستاویزات کے مطابق آپریشن کے ذریعہ اپنی ظاہری جسمانی ساخت کو تبدیل کروالے، مثلا ایک کامل مرد اپنی مردانہ ساخت کو ختم کروا کے نسوانی ساخت بنوالے یا اس کا برعکس بن جائے۔ حالانکہ اپنی جنس تبدیل کروانا شریعت کی رُو سے قطعا حرام اور ناجائز



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan

ہے، چنانچہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ جانوروں کے کان وغیرہ کاٹتے تھے تو اللہ تعالی نے قرآن کریم میں جانوروں کے اعضاء وغیرہ کاٹ کر اللہ کی بنائی ہوئی مخلوق میں تبدیلی کرنے سے منع فرماتے ہوئے اس فعل کو شیطانی کام قرار دیا اور اس جرم کا ارتکاب کرنے والے افراد کا ٹھکانہ جہنم قرار دیا، دیکھیے قرآن کی آیتِ مبارکہ :

**القرآن الکریم [النساء: 119-121]:**

{وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا (119) يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا (120) أُولَئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا}

اس آیتِ مبارکہ کی تفسیر کے تحت علامہ فخر الدین رازی، علامہ قرطبی، علامہ آلوسی اور دیگر تمام مفسرین نے اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں صفتِ تخلیق تبدیل کرنے کو ناجائز اور حرام قرار دیا ہے، اسی لیے مذاہب اربعہ کے تمام فقہائے کرام کا قدرت کی تخلیق میں تبدیلی کی حرمت پر اتفاق ہے، لہذا اس قانون میں مرد و عورت کو سرجری کے ذریعہ اپنی جنس تبدیل کرنے کی اجازت دینا قرآن کے حکم کی مخالفت ہے اور یہ درحقیقت قدرت کی تخلیق میں چھیڑ چھاڑ نظامِ فطرت کے بگاڑ کا باعث ہے، اس لیے اسلام ہر اس فعل سے سختی سے منع کرتا ہے جس سے فطرتِ صحیحہ میں بگاڑ پیدا ہوتا ہو، چنانچہ خودکشی کرنا، اپنے اعضاء کاٹنا، اپنے آپ کو حیوانات کی شکل دینا یا اپنے جنسی اعضاء تبدیل کروانا قطعاً حرام اور ممنوع ہے، چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے ایک حدیث نقل کی ہے، جس میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سوئی وغیرہ کے ذریعہ جسم گودنے والی، جسم گدوانے والی، پیشانی کے بال اکھاڑنے والی اور حسن کے لیے اپنے دانتوں کے درمیان فاصلہ پیدا کرنے والی خواتین پر لعنت فرمائی اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ یہ اللہ تعالی کی پیدا کردہ چیز میں تبدیلی کرنے والی ہیں، پھر فرمایا کہ میں اس پر کیوں لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی؟ حدیث کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

**صحيح البخاري (166/7، رقم الحديث: 5943) دار طوق النجاة:**

حدثني محمد بن مقاتل، أخبرنا عبد الله، أخبرنا سفيان، عن منصور، عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود رضي الله عنه قال: «لعن الله الواشمات والمستوشمات، والمتنمصات والمتفلجات للحسن، المغيرات خلق الله» مالي لا ألعن من لعنه رسول الله صلى الله عليه وسلم، وهو في كتاب الله.

جب ان کاموں پر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے لعنت وارد ہوئی ہے تو انسانی جنس کو تبدیل کرنا ان کی بنسبت بہت بڑا جرم ہے، لہذا اس سے اجتناب انتہائی ضروری ہے۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

**ٹرانس جینڈر اصطلاح کی بنیاد جنسی شناخت (Gender identity) کا نظریہ:**

ٹرانس جینڈر اصطلاح کی بنیاد جنسی شناخت (Gender identity) کا نظریہ ہے، "Gender identity" کا لغوی معنی اپنی جنس کی شناخت اور پہچان ہے، اصطلاحی معنی کے اعتبار سے اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ذاتی احساسات، جذبات، اندرونی کیفیات اور اپنی خصوصیات کا جائزہ لے کر اپنی جنس کی شناخت کرنا، یہ نظریہ 1964ء میں ایک انگریز سائنس دان رابرٹ جے ڈاٹ سٹالر (Robort J. Stoller) نے پیش کیا، اس کا کہنا تھا کہ جنس کی شناخت "Gender identity" انسان کی ذاتی خصوصیت ہے، اس میں ظاہری جنسی اعضاء کو کوئی دخل نہیں ہے، بلکہ اس کا انسان کے اپنے ذاتی احساسات، جذبات، اندرونی کیفیات، معاشرتی رہن سہن اور طور طریقوں سے تعلق ہے، جنس سے متعلقہ تعلیم (Gender Studies) میں اس کو مردانہ خصوصیات "Masculinity/Masculine social role" اور نسوانہ خصوصیات "Femininity/Feminine social role" سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ چیزیں ہر انسان میں مختلف ہو سکتی ہیں، لہذا ظاہری جنسی اعضاء سے قطع نظر ہر آدمی ان سب چیزوں کے مجموعہ کا جائزہ لے کر اپنی جنس کی پہچان کر سکتا ہے۔ جنس سے متعلقہ تعلیم (Studies Gender) میں اس کی ضاحت درج ذیل ہے:

جینڈر اسٹڈیز میں جینڈر (Gender) اور سیکس (Sex) میں فرق کیا جاتا ہے، سیکس کا مطلب انسان کا میل (Male) یا فی میل (Female) یا خنثیٰ/انٹر سیکس (Intersex) ہونا ہے، جبکہ جینڈر کا مطلب انسان کا مین (Man) یا وومین (Woman) ہونا ہے، پھر اس میں جنسی شناخت کا اصول یہ ہے کہ اگر میل (جس کے جنسی اعضاء مردانہ ہوں) میں مردانہ خصوصیات (Masculinity) ہوں تو وہ مین (Man) یعنی مرد کہلائے گا، اگر فی میل (جس کے جنسی اعضاء نسوانی ہوں) میں نسوانی خصوصیات (Femininity) ہوں تو وہ وومین (Woman) یعنی عورت کہلائے گی، جبکہ اس کے برعکس اگر میل اپنے اندر نسوانی خصوصیات (Femininity) محسوس کرے تو اس کو ٹرانس وومین (Transwoman) اور اگر فی میل اپنے اندر مردانہ خصوصیات (Masculinity) محسوس کرے تو اس کو ٹرانس مین (Transman) کہا جاتا ہے، انہیں ٹرانس مین اور ٹرانس وومین کو ٹرانس جینڈر (Transgender) یعنی اپنی پیدائشی جنس کو تبدیل کرنے والا شخص کہا جاتا ہے۔ نیز مردانہ خصوصیات میں مردانگی، غیر جذباتی ہونا، جارحانہ رویہ رکھنا، سخت جسم والا ہونا، مسابقت کا جذبہ ہونا، مضبوط اور فعال ہونا



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

وغیرہ شامل ہیں، جبکہ نسوانی خصوصیات میں نسوانیت، جذباتی ہونا، حساس ہونا، معصوم، کمزور ہونا، مطیع ہونا، انفعالیت یعنی تاثر لینے والا ہونا وغیرہ شامل ہیں۔ اور ان چیزوں کا تعلق معاشرے اور ماحول سے بھی ہوتا ہے، اس لیے جنسی شناخت کے نظریے کی اصل ہر انسان کا اپنے اندر ان مردانہ یا زنانہ خصوصیات کو محسوس کرنا ہے، جنسی شناخت کے نظریے کے مطابق اسی احساس (Feeling) کی بنیاد پر ہر آدمی اپنی جنس کا تعین اور شناخت کر سکتا ہے۔[1]

چنانچہ اس نظریہ کے مطابق اقوام متحدہ کا قانون ہر شخص کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنے احساس اور رجحان کے مطابق اپنی جنس/صنف کا تعین خود کرے، چنانچہ اقوام متحدہ کی ویب سائٹ سے لی گئی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

> Recognition of gender identity:
> Everyone has the right to be recognized as a person before the law. The United Nations has affirmed the right of trans persons to legal recognition of their gender identity and a change of gender in official documents, including birth certificates, without being subjected to onerous and abusive requirements. This right is violated in all regions. Many countries deny trans people any possibility of obtaining legal recognition of their gender identity. Many of those that do provide for legal recognition, force trans individuals to meet various conditions before their identity can

---

[1] Explanation:

Sex : Male, Female and intersex

Man= Male + Masculine social role.

Woman = Female + Feminine social role.

Masculinity : independent, non-emotional, aggressive, tough skinned, competitive, strong, active,, hard, aggressive, rebellious .

Femininity : dependent, emotional, sensitive, quiet, graceful, innocent, weak, nurturing, submissive, accepting .

Gender Identity : The deeply felt and experienced sense of a male in opting masculine social role or feminine social role. And the deeply felt and experienced sense of a female in opting masculine social role or feminine social role .

Gender Role : Role assigned by the society based on different sexes. Gender studies believe that these roles are defined by social construct .

be recognized – including sterilization, sex-assignment surgery or treatment, psychiatric diagnosis of gender identity disorder, divorce and confinement in psychiatric institutions. In most countries minors and nonbinary people have no access to recognition of their gender identity.[1]

ٹرانس جینڈر کے تصور کے حوالے سے بنیاد کی حیثیت رکھنے والا یہ نظریہ جنس کے بارے میں اسلام کے نقطۂ نظر کے بالکل مخالف ہے، کیونکہ اس میں مرد وعورت کی جنس کا مدار ذاتی احساسات وخیالات یا مردانہ و زنانہ رجحانات پر رکھا گیا ہے، نہ کہ ظاہری جنسی اعضاء کی بنیاد پر۔ جبکہ اسلام یہ کہتا ہے کہ ہر شخص کی جنس قدرتی طور پر اللہ تعالی کی طرف سے متعین کردہ ہے، اس میں انسان کے ذاتی احساسات وخیالات اور مردانہ و زنانہ رجحانات کا کوئی دخل نہیں ہے، چنانچہ اسلام کی رُو سے ہر شخص کی جنس کا فیصلہ انسان کے ظاہری جنسی اعضاء اور باطنی تولیدی اعضاء کی بنیاد پر ہوتا ہے، گویا کہ اسلام میں جنس کی تعیین کا اختیار انسان کے پاس نہیں ہے، بلکہ یہ ایک غیر اختیاری اور قدرتی معاملہ ہے، جس میں قدرتی جسمانی اعضاء کی بنیاد پر ہی فیصلہ کرنا لازم ہے، حتی کہ اگر کسی کے جنسی اعضاء میں کوئی ابہام ہو تو بھی جنس کا فیصلہ اس کے غالب ظاہری اور باطنی تولیدی اعضاء کی بنیاد پر ہوگا، جن کی تعیین آج جدید طبی ذرائع سے کوئی مشکل نہیں رہی، وہ اس طرح کہ اس کے اندر مرد وعورت میں سے جس جنس کی علامات زیادہ ہوں وہی جنس اس کے لیے متعین ہوگی۔

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ ٹرانس جینڈر کی اصطلاح اس شخص کے لیے وضع کی گئی جو اپنے ذاتی احساسات اور ذہنی رجحانات کی بنیاد پر اپنی پیدائشی جنس سے اختلاف کرے۔

یہ بات یاد رہے کہ اگرچہ اصل کے اعتبار سے ٹرانس جینڈر کے پیچھے ذاتی احساسات ورجحانات کی بنیاد پر اپنی جنس کی شناخت کا نظریہ کارفرما ہے، جس کا اصل مصداق صرف وہ شخص ہے جو ذہنی طور پر اپنی پیدائشی جنس کو قبول نہ کرے، مگر اب مغرب میں یہ اصطلاح مطلق طور پر ہر اس شخص کے لیے استعمال ہونے لگی ہے جو اپنی پیدائشی جنس کا انکار کرے، خواہ اس کے پیچھے اس نظریے کی بنیاد پر اس کے ذاتی احساسات ورجحانات ہوں یا اس کے انکار کی وجہ محض نفسانی خواہش ہو یا وہ حقیقتاً کسی نفسیاتی عارضے کی وجہ سے اس کیفیت میں مبتلا ہو، جس کو میڈیکل میں جنیڈر ڈیسفوریا (Gender Dysporia) کہا جاتا ہے۔

---

[1] UNFE.org



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan

**خنثیٰ کو تعیینِ جنس کا اختیار دینے کا حکم:**

اس دفعہ نمبر 3 میں ٹرانس جینڈر کے ساتھ خنثیٰ (Intersex) کو بھی یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات میں اپنی کوئی بھی جنس لکھوا سکتا ہے، جبکہ اسلامی تعلیمات کی رُو سے خنثیٰ کو مطلق طور پر یہ اختیار دینا غلط اور ناجائز ہے، کیونکہ خنثیٰ کی تعیینِ جنس کے بارے میں مذاہبِ اربعہ کے فقہائے کرام رحمہم اللہ نے احادیث کی روشنی میں یہ اصول لکھا ہے کہ بلوغت سے پہلے اگر وہ ذکر (آلۂ تناسل) کے راستے سے پیشاب کرے تو ایسا خنثیٰ شریعتِ اسلامیہ کی نظر میں مکمل طور پر مرد شمار ہوتا ہے اور اس سے متعلقہ تمام شرعی احکام بھی مردوں والے ہوں گے، اور اگر وہ فرج کے راستے سے پیشاب کرے تو وہ مکمل عورت شمار ہوتی ہے اور اس کے تمام احکام عورتوں والے ہوں گے، اگر وہ دونوں راستوں سے پیشاب کرے تو وہ خنثیٰ مشکل شمار ہوگا اور احتیاط کے تقاضے کے مطابق اس پر بعض احکام مردوں والے اور بعض عورتوں والے جاری ہوں گے، جیسے نماز میں عورت کے بیٹھنے کی طرح بیٹھنا، ریشمی کپڑا اور زیور نہ پہننا، حالتِ احرام میں سلا ہوا کپڑا پہننا اور کسی مرد یا عورت کے سامنے ستر نہ کھولنا، بغیر محرم کے تنہا سفر نہ کرنا اور کسی نامحرم مرد یا عورت کے ساتھ خلوت نہ کرنا وغیرہ۔

مذاہبِ اربعہ کے فقہائے کرام رحمہم اللہ نے بھی خنثیٰ کی یہی تفسیر نقل کی ہے،[1] اسی لیے امام ابن المنذر اور امام ابن القطان رحمہم اللہ نے اس مسئلے پر اجماع نقل کیا ہے۔ البتہ اُس دور میں فقہائے کرام رحمہم اللہ کا یہ فیصلہ (پیشاب کے راستے سے تعیینِ جنس) محض ایک علامت کے طور پر تھا، چنانچہ علامہ عینی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ پیشاب کا ایک راستے سے آنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہی اصلی عضو ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مبال (پیشاب گاہ) تعیینِ جنس کے لیے معیار بنانا محض ایک علامت کے طور پر تھا، اسی لیے بلوغت کے بعد فقہائے کرام رحمہم اللہ نے زنانہ اور مردانہ دیگر علامات جیسے چھاتی کے اُبھرنے وغیرہ کو بھی خنثیٰ کی تعیینِ جنس میں معتبر قرار دیا ہے، جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں تصریح کی گئی ہے، لہذا اب عصرِ حاضر میں سائنس کے ترقی یافتہ دور میں الٹراساؤنڈ، ایکسرے اور دیگر ٹیسٹوں (Tests) کے ذریعہ اندرونی اعضاء کی حقیقت بھی معلوم ہو سکتی ہے، اس لیے اب ان ذرائع سے بھی تعیینِ جنس کے سلسلہ میں مدد لی جائے گی، لہذا اب بلوغت

---

1 خنثیٰ کے بارے میں یہ تفصیل مصنف عبد الرزاق (10/ 308) کی ایک روایت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی معلوم ہوتی ہے، انہوں نے خنثیٰ کی میراث کے بارے میں فرمایا کہ اگر وہ ذکر (آلۂ تناسل) کے راستے سے پیشاب کرتا ہے تو وہ مذکر شمار ہوگا۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

سے پہلے اور بعد خنثی کی تعیینِ جنس کا فیصلہ کرنے میں فقہائے کرام رحمہم اللہ کی ذکر کردہ علامات یعنی ظاہری جنسی اعضاء کے ساتھ ساتھ باطنی تولیدی اعضاء اور ہارمونز وکروموسومز کو بھی ملحوظ رکھا جائے گا اور اس کے لیے شریعت کے ماہر علمائے کرام اور میڈیکل کے ماہر ڈاکٹر حضرات پر مشتمل ایک کمیٹی یا بورڈ کا ہونا ضروری ہے، جس کے فیصلے کے بعد خنثی مشکل کو اپنی اصل جنس کی تعیین اور تبیین کی اجازت دی جائے۔

مذکورہ تفصیل خنثی کی تعیینِ جنس سے متعلق تھی، جہاں تک جنس تبدیل کرنے کا تعلق ہے تو عام افراد کی طرح اپنی جنس تبدیل کرنے کا اختیار خنثی کو بھی نہیں ہے اور تبدیلیٔ جنس سے متعلق پیچھے ذکر کی گئی وعید میں ایسا خنثی بھی شامل ہے، جو اپنی مرضی سے اپنی جنس تبدیل کرتا ہے۔ البتہ اگر کوئی مرد یا عورت ایسی ہو، جس کے جنسی اعضاء اور باطنی تولیدی اعضاء میں کچھ ابہام ہو تو اس کے لیے ماہر ڈاکٹر حضرات سے مشاورت اور ٹیسٹوں وغیرہ کے ذریعہ اپنی جنس کی تبیین (مبہم جنس کو ظاہر کرنا) جائز ہے، یہ تبدیلیٔ جنس کے زمرے میں نہیں آئے گا، جیسا کہ پیچھے گزر چکا ہے۔

خلاصہ یہ کہ شریعت وطب کے ماہرین کا اتفاق ہے کہ خواہ خنثی ہو یا کوئی اور کامل انسان، بہر صورت انسانی جسم میں حادثاتی طور پر ہونے والی ظاہری تبدیلی یا انسان کے ذہنی احساسات کی بنیاد پر تعیینِ جنس اور تغییر جنس کا فیصلہ قطعاً نہیں کیا جائے گا، لہذا اس قانون میں فقہائے کرام رحمہم اللہ کی بیان کی گئی علامات اور ظاہری وباطنی اعضائے تولید سے قطع نظر کرکے محض ذاتی پسند وناپسند اور قلبی رجحانات کی بنیاد پر ٹرانس جینڈر کی مبہم اصطلاح کے تحت خنثی سمیت ہر مرد وعورت کو اپنی جنس کے انتخاب کا اختیار دینا شریعت کے احکام کی سراسر مخالفت اور کھلی بغاوت ہے، جس کی قرآن وسنت میں کوئی گنجائش نہیں ہے، نیز اس میں شرعی اور اخلاقی دونوں قسم کے مفاسد پائے جاتے ہیں، جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

- اس قانون کی رو سے ایک مرد صرف اپنے احساسات کی بنیاد پر شناختی دستاویزات میں اپنے آپ کو عورت لکھوا کر ان تمام جگہوں پر جا سکتا ہے جو خواتین کے لیے مخصوص کی گئی ہوں، جیسے ہسپتالوں میں مخصوص وارڈز، پبلک مقامات پر خواتین کے لیے مخصوص استنجاخانے (Washrooms) اور خواتین کے لیے اداروں میں کام کرنا وغیرہ، اسی طرح عورت کو بھی اپنی جنس تبدیل کرکے مردوں کی تمام جگہوں پر جانے کا قانوناً اختیار حاصل ہوگا، جس سے فحاشی وعریانی عام ہوگی اور مرد وعورت کے لیے حیاداری کے دائرے میں بے انتہا بگاڑ پیدا ہوگا۔



+9221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector: 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan
المفتی آن لائن

